یہ ملکہ بھی رکھتے ہیں کہ بچوں کے لیے آسان زبان میں تعمیری مواد پیش کر سکتے ہیں۔
اس مرتبہ اُنھوں نے بہت بڑا کام کیا ہے کہ بچوں کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت آسان زبان اور دلچسپ پیرائے میں لکھی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ بڑی حد تک اس میں کامیاب رہے ہیں۔ اس کتاب کو والدین اپنے بچوں کے لیے ضرور خریدیں اور مدارس کی لائبریریوں میں بھی اس کو پہنچنا چاہیے۔ بلکہ کیا ہی اچھا ہو کہ ساتویں درجے سے دسویں درجے تک کے طلبہ کے لیے اسے نصابی کتب میں شامل کیا جائے۔

BANGSAMORO | انگریزی میں تالیف: صلاح جبیر

ناشر: ادارۂ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور ۱۸۔ معیار طباعت مناسب۔ ٹائٹل خوشنما،
صفحات: ۱۶۰، قیمت: ۴۰/- روپے۔

انتہائی اختصار کے ساتھ اتنا ہی کہا جا سکتا ہے کہ فلپائنی مسلمانوں کو آج زندگی و موت کی جس کشمکش کا سامنا ہے، اُسے سمجھنے کے لیے پہلی بار پاکستان میں ایسی جامع کتاب شائع ہوئی ہے۔ فلپائن کا جغرافیہ، اس کی تاریخ، اس پر استعماریت کا سایۂ بد، مسلم آبادی کا جنوبی حصہ، داستانِ آزادی اور مسلمانوں کے ساتھ فریب، مسلمانوں پر بھاری مظالم، پھر مسلمانوں کی جوابی تحریکِ بقاء۔ اِن سارے احوال کو اس کتاب میں خوبی سے بیان کر دیا گیا ہے۔ عالمی ملّت اسلامیہ سے وارفتگیٔ دل رکھنے والوں کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے، خصوصاً صحافیوں، مصنفین، اساتذہ اور سیاسی حضرات کو۔